نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

لاہور:13 مارچ 2025: محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ اصلاح آبپاشی اور عالمی بینک (World Bank) کے اشتراک سے جدید نظامِ آبپاشی کی اہمیت اور پانی کی بچت بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد ہوا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے تربیتی ورکشاپ کی صدارت کی۔ تربیتی ورکشاپ میں عالمی بینک کے سنئیر واٹر ریسورس سپشلسٹ فرانکوائس اونیمس (Francois Onimus) سمیت دیگر ماہرین نے زراعت کے شعبے میں باکفایت استعمال بارے آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ ممالک میں دنیا بھر میں 8 ویں نمبر پر ہے۔ پانی کے باکفایت استعمال سے فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ وقت کا اہم تقاضا ہے۔ اس ضمن میں عالمی بینک کے تعاون سے 67 ارب روپے کی لاگت سے "پنجاب میں آبپاش زراعت کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے منصوبہ " (PRIAT) پر عملدرآمد جاری ہے۔ حکومت پنجاب نے اس منصوبہ کے لئے 9 ارب روپے سے زائد کی رقم فراہم کی ہے۔ اس منصوبہ کے تحت صوبہ پنجاب میں 40 ہزار ایکڑ رقبے پر جدید نظام آبپاشی کی تنصیب کے لئے کاشتکاروں کو 70 فیصد سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ اس منصوبہ کے تحت کنال کمانڈ ایئریا اور دریائی علاقوں سے ملحقہ 3 ہزار آبپاشی کی سکیموں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ تمام سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے اس منصوبہ میں مزید بہتری لائی جائے گی۔ تربیتی ورکشاپ میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈپٹی سیکرٹری زراعت پلاننگ کاشف بشیر، ڈائریکٹر جنرل زراعت نوید عصمت کاہلوں، رانا تجمل اور ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی (ہیڈ کوارٹر) لاہور حافظ قیصر یاسین سمیت عالمی بینک کے نمائندوں و دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔

☆☆☆☆